صحیح بخاری کو قرآن مجید کے بعد صحیح ترین حدیث کی کتاب قرار دیا۔ سالانہ جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے معروف سکالر پروفیسر عبدالرزاق ساجد نے کہا آل رسولؐ اور صحابہ کرامؓ کا مشن ایک تھا، ان کا آپس میں کوئی اختلاف نہیں تھا وہ آپس میں روحانی اور خونی رشتوں میں جڑے ہوئے تھے۔ ان کے درمیان اختلاف کی ہوائی کسی دشمن کی اڑائی ہوئی ہے۔ مولانا عمر صدیق آف گوجرانوالہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صحیح بخاری شریف کی جمع اور تدوین میں امام بخاریؒ نے بڑی احتیاط سے کام لیتے ہوئے کوئی موضوع، کمزور یا ضعیف روایت کو درج نہیں کیا۔ مولانا سیف اللہ خالد ملتانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں اپنا ایمان صحابہ کرامؓ کے ایمان کی طرح کرنا ہوگا، صحابہ کرام معیار حق اور معیار ایمان ہیں۔ صحابہ کرامؓ نبی کریمؐ کے ہر قول، فعل اور تقریری عمل کو من وعن قبول کرتے اور اس پر عمل کرتے۔ اس جلسہ میں اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق اور نائب مدیر حافظ عبدالغفور مدنی نے ادا کیے۔ فارغ التحصیل ہونے والے بچوں میں اسناد و انعامات مولانا محمد عمر صدیق نے تقسیم کیں۔ اس تقریب میں شرکت کیلئے صبح سے ہی لوگوں کی آمد شروع ہوگئی جس میں پنڈ دادنخان، دینہ اور سوہاوہ کے علاوہ ضلع گجرات، منڈی بہاؤالدین، میرپور آزاد کشمیر، گوجرخان، کلر سیداں، چکوال اور اٹک وغیرہ سے بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

مولانا رمضان یوسف سلفی کا انتقال پُر ملال

معروف وممتاز مضمون نگار و قلمکار مولانا رمضان یوسف سلفی آف فیصل آباد مورخہ 7 دسمبر بروز بدھ اچانک دل کا دورہ پڑنے سے وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ شخصیات اور اکابر جماعت کے سوانح لکھنا ان کا پسندیدہ مشغلہ تھا۔ مولانا مرحوم ان لوگوں میں سے تھے جنہوں نے اپنی ساری زندگی دین اسلام کی اشاعت مسلک اہل حدیث کی تائید وحمایت اور حدیث نبوی ﷺ کی حفاظت کے لیے وقف کر رکھی تھی۔ مولانا محمد رمضان یوسف سلفی اخلاق و عادات اور خصائل وشمائل میں اعلیٰ وارفع تھے۔ الغرض مولانا مرحوم اپنی ذات میں ایک انجمن تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کی دینی خدمات کو قبول فرمائے۔ نماز جنازہ شیخ الحدیث مولانا ارشاد الحق اثری نے پڑھائی۔

جوبلی گھاٹ میں نماز استسقاء

مرکزی انجمن تاجران جہلم کے تعاون سے جامعہ علوم اثریہ کے زیر اہتمام مورخہ 26 دسمبر بروز سوموار دن گیارہ بجے اللہ کے حضور اپنے گناہوں کی اجتماعی معافی اور توبہ واستغفار کیلئے سنت نبوی علی صاحبہا الصلوٰۃ والتسلیم کے عین مطابق نماز استسقاء ادا کی گئی۔ امامت کے فرائض رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے سرانجام دیئے۔ زندگی کے تمام شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔